اور بزرگی والے اور اللہ نے ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

اور آپ کی تمام آل پر درود بھیجا، اے سب سے زیادہ رحم فرمانے والے

وَبِحُرْمَتِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی آل اور آپ کے تمام صحابہ کی حرمت

يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ جَلَّ جَلَالُهٗ

کے طفیل تیری رحمت سے نواز دے، اے اللہ اے اللہ اے اللہ جس کی بڑی شان ہے

(تَمَّتْ وِرْدُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ)

(جمعہ کے دن کا ورد تمام ہوا)

وِرْدُ یَوْمِ السَّبْتِ

روز شنبہ کا ورد

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ تَوَاضَعَ کُلُّ شَیْءٍ لِعَظَمَتِهٖ وَالْحَمْدُ

ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جس کی عظمت کے آگے ہر چیز عاجز ہے اور ساری تعریف

لِلّٰهِ الَّذِیْ ذَلَّ کُلُّ شَیْءٍ لِعِزَّتِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

اللہ کے لئے ہے جس کی عزت کے آگے ہر چیز ذلیل ہے اور ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جس کی

خَضَعَ کُلُّ شَیْءٍ لِمُلْکِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِی اسْتَسْلَمَ

حکومت کے آگے ہر چیز سرنگوں ہے، اور ساری تعریف اللہ کے لئے ہے، جس کی قدرت

کُلُّ شَیْءٍ لِقُدْرَتِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَکَرِّمْ

کے آگے ہر چیز کا سر تسلیم خم ہے ، اے اللہ! ہمارے سردار اور ہمارے آقا

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ

محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود و سلام بھیج اور بزرگی دے جو تیرے بندے اور تیرے رسول

النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ السَّیِّدِ الْکَامِلِ الْفَاتِحِ الْخَاتِمِ حَاءِ

نبی اُمّی، سردار کامل، فاتح، خاتم ہیں (جن کے نام پاک کی) حاء سے

الرَّحْمَةِ وَمِیْمِ الْمُلْكِ وَدَالِ الدَّوَامِ بَحْرِ اَنْوَارِكَ

رحمت، اور میم سے ملک اور دال سے دوام مراد ہے۔ جو تیرے انوار کے سمندر ہیں

وَمَعْدِنِ اَسْرَارِكَ وَلِسَانِ حُجَّتِكَ وَعَرُوْسِ

اور تیرے بھیدوں کی کان ہیں اور تیری حجت کی زبان ہیں اور تیری مملکت

مَمْلَکَتِكَ وَعَیْنِ اَعْیَانِ خَلِیْقَتِكَ وَصَفِیِّكَ

کے مسند نشین ہیں اور تیری ساری مخلوقات کی آنکھ اور تیرے صفی ہیں

السَّابِقِ لِلْخَلْقِ نُوْرُهٗ الرَّحْمَةُ لِلْعَالَمِيْنَ ظُهُوْرُهٗ الْمُصْطَفٰى

جن کا نور خلقت کے لئے اولین ہے اور جن کا چنندہ ظہور سارے جہانوں کے لئے رحمت ہے

○ اَلْمُجْتَبٰى الْمُنْتَقٰى الْمُرْتَضٰى عَيْنَ الْعِنَايَةِ وَزَيْنَ الْقِيٰمَةِ

جو برگزیدہ، پاک، پسندیدہ ہیں، عنایت کا چشمہ اور قیامت کی زینت

وَكَنْزَ الْهِدَايَةِ وَاِمَامَ الْحَضْرَةِ وَاَمِيْنَ الْمَمْلَكَةِ وَ

اور ہدایت کا خزانہ اور بارگاہ (الٰہی) میں امام اور مملکت کے امین اور

طِرَازَ الْخُلَّةِ وَكَنْزَ الْحَقِيْقَةِ وَشَمْسَ الشَّرِيْعَةِ وَ

دوستی کا نمونہ اور حقیقت کا خزانہ اور شریعت کے آفتاب اور

كَاشِفَ الْغُمَّةِ وَجَالِىَ الظُّلْمَةِ ○ وَنَاصِرَ الْمِلَّةِ وَ

اندھیرے کو چھانٹنے والے اور ظلمت میں اجالا کرنے والے اور ملت کی نصرت کرنیوالے

نَبِىَّ الرَّحْمَةِ وَشَفِيْعَ الْاُمَّةِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ يَوْمَ تَخْشَعُ

اور رحمت والے نبی اور قیامت کے دن امت کی شفاعت کرنے والے اس دن جبکہ

الْاَصْوَاتُ وَتَشْخَصُ الْاَبْصَارُ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

آوازیں پست ہوجائیں گی اور نظریں ظاہر ہوجائیں گی اے اللہ! ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ ِۨالنُّوْرِ الْاَبْلَجِ وَالْبَهَآءِ

سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر درود بھیج جو روشن نور ہیں اور مسرت بخش

الْاَبْهَجِ نَامُوْسِ تَوْرَاةِ مُوْسٰى وَقَامُوْسِ اِنْجِيْلِ

رونق ہیں، موسیٰ (علیہ السلام) کی توریت کا قانون ہیں اور عیسیٰ (علیہ السلام)

عِيْسٰى صَلٰوةُ اللّٰهِ وَسَلَامُهٗ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ○

کی انجیل کی لغت ہیں، اور آپ پر اور ان تمام پر اللہ کا درود وسلام ہو،

طِلَسْمِ فَلَكِ الْاَطْلَسِ فِىْ بُطُوْنِ كُنْتُ كَنْزًا مَّخْفِيًّا فَاَحْبَبْتُ

(میں ایک پوشیدہ خزانہ تھا پس میں نے چاہا کہ پہچانا جاؤں) کے پردے میں فلک اطلس

اَنْ اُعْرَفَ طَاؤُسُ الْمُلْكِ الْمُقَدَّسِ فِیْ ظُهُوْرِ فَخَلَقْتُ

کا طلسم ہوں (پس میں نے مخلوق کو پیدا کیا تو انھیں میری معرفت ہوئی

خَلْقًا فَتَعَرَّفْتُ اِلَيْهِمْ فَبِیْ عَرَفُوْنِیْ غُرَّةِ نُوْرِ

پس میری بدولت انھوں نے مجھے پہچانا) کے جلوے میں مقدس بادشاہ کا مرقع حسن ہیں

الْيَقِيْنِ مِرْاٰتِ اُولِی الْعَزْمِ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلٰی

یقین کی روشنی کا نقطہ آغاز ہیں، رسولوں میں اولوالعزم آئینہ ہیں

شُهُوْدِ الْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ نُوْرِ اَنْوَارِ اَبْصَارِ بَصَائِرِ

سچے روشن بادشاہ کی بارگاہ میں، انبیائے کرام کی بصیرت والی آنکھوں

الْاَنْبِيَاءِ الْمُكَرَّمِيْنَ ○ وَمَحَلِّ نَظَرِكَ وَسَعَةِ رَحْمَتِكَ

کے انوار کا نور ہیں اور اولین و آخرین عالموں میں

مِنَ الْعَوَالِمِ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ ○ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

تیرے دیدار کی جلوہ گاہ اور تیری رحمت کی بساط ہیں، اللہ نے آپ پر

عَلٰی اِخْوَانِهٖ مِنَ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ ○ وَعَلٰی اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

اور نبیوں اور رسولوں میں سے آپ کے بھائیوں پر اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر

الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَاَتْحِفْ

درود بھیجا جو پاک اور پاکیزہ ہیں۔ اے اللہ! درود و سلام بھیج اور تحفہ عطا کر

وَاَنْعِمْ وَامْنِحْ وَاَكْرِمْ وَاَجْزِلْ وَاَعْظِمْ اَفْضَلَ

اور انعام فرما اور بزرگی دے، اور بڑائی دے، اور عظمت دے، تیرے

صَلَوَاتِكَ وَاَوْفٰی سَلَامِكَ صَلَاةً وَّسَلَامًا

درودوں میں افضل اور تیرے سلاموں میں مکمل ایسے درود و سلام کے ذریعہ

يَتَنَزَّلَانِ مِنْ اُفُقِ كُنْهِ بَاطِنِ الذَّاتِ اِلٰی فَلَكِ

جو ذات کے باطن کے جوہر کے افق سے اسماء

سَمَآءِ مَظَاهِرِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ وَتَرْتَقِيَانِ
وصفات کے جلووں کے فلک آسمان تک نازل ہوں اور عارفوں
عِنْدَ سِدْرَةِ الْمُنْتَهٰى الْعَارِفِيْنَ اِلٰى مَرْكَزِ جَلَالِ النُّوْرِ
کے سدرۃ المنتہیٰ سے ہوتے ہوئے روشن نور کے جلال کے مرکز تک بلند
الْمُبِيْنِ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَ
کریں، ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر جو تیرے بندے اور
نَبِيِّكَ وَرَسُوْلِكَ عِلْمِ يَقِيْنِ الْعُلَمَآءِ الرَّبَّانِيِّيْنَ
تیرے نبی اور تیرے رسول ہیں، ربانی علماء کے یقین کا علم ہیں
وَعَيْنِ يَقِيْنِ الْخُلَفَآءِ الرَّاشِدِيْنَ ۝ وَحَقِّ يَقِيْنِ
اور خلفائے راشدین کے یقین کی آنکھ ہیں، اور انبیائے کرام
الْاَنْبِيَآءِ الْمُكَرَّمِيْنَ ۝ اَلَّذِيْ تَاهَتْ فِيْ اَنْوَارِ جَلَالِهٖ
کے یقین کی حقانیت ہیں کہ جن کے جلال کے انوار نے
اُولُو الْعَزْمِ مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ۝ وَتَحَيَّرَتْ فِيْ دَرْكِ
اولوالعزم رسولوں کو تک حیرت زدہ کر دیا، اور جن کی حقیقتوں کی گہرائی
حَقَآئِقِهٖ عُظَمَآءُ الْمَلٰٓئِكَةِ الْمُهَيِّمِيْنَ ۝ اَلْمُنَزَّلِ
میں بڑے بڑے نگہبان فرشتے حیران ہو گئے، جن پر
عَلَيْهِ فِي الْقُرْاٰنِ الْعَظِيْمِ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ
عظمت والا قرآن روشن زبانِ عربی میں اتارا گیا۔
۝ لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ بَعَثَ فِيْهِمْ
بے شک اللہ (تعالیٰ) نے مومنوں پر بڑا احسان فرمایا جب ان میں ایک
رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيَاتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ
رسول بھیجا جو ان پر اس کی آیتوں کی تلاوت کرتا ہے اور انھیں پاک کرتا ہے

وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ وَإِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ

اور انھیں کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور جبکہ وہ اس سے پہلے

ضَلَالٍ مُّبِيْنٍ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةً ذَاتِكَ عَلٰى

کھلی گمراہی میں تھے (۳/۱۶۴) - اے اللہ! تیری صفات کے مظہر پر

حَضْرَتِ صِفَاتِكَ الْجَامِعِ لِكُلِّ الْكَمَالِ ○ الْمُتَّصِفِ

تیری ذات کی رحمت بھیج جو ہر کمال کا مجموعہ ہیں، جو جلال

بِصِفَاتِ الْجَلَالِ وَالْجَمَالِ ○ مَنْ تَنَزَّهَ مِنَ الْمَخْلُوْقِيْنَ

اور جمال کی صفتوں سے متصف ہیں ، جو اور مخلوقات کی مثال سے

فِي الْمِثَالِ ○ يَنْبُوْعُ الْمَعَارِفِ الرَّبَّانِيَّةِ وَحِيْطَةُ

پاک ہیں ، ربانی معارف کا چشمہ ہیں اور الہٰی بھیدوں

الْاَسْرَارِ الْاِلٰهِيَّةِ ○ غَايَةُ مُنْتَهَى السَّآئِلِيْنَ

کا احاطہ کرنے والے ہیں ، مانگنے والوں کا مقصد آخری ہیں

وَدَلِيْلُ كُلِّ حَائِرٍ مِنَ السَّالِكِيْنَ ○ مُحَمَّدٍ مَّحْمُوْدِ

اور سالکوں کی ہر حیرت کی دلیل ہیں (یعنی) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)

الْاَوْصَافِ وَالذَّاتِ ○ وَاَحْمَدَ مَنْ مَضٰى وَمَنْ

جن کی ذات و صفات محمود ہیں، اور جو اگلوں اور آنے والوں میں

هُوَ اٰتٍ ○ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا بِدَايَةِ الْاَزَلِ وَغَايَةِ الْاَبَدِ

سب سے زیادہ قابلِ تعریف ہیں، اور ازل کی ابتدا سے ابد کی انتہا تک خوب سلام بھیج

○ حَتّٰى لَا يُحْصِرُهُ عَدَدُهٗ وَلَا يُنْهِيْهِ اَمَدُهٗ ○ وَارْضَ

یہاں تک کہ اس کی تعداد شمار نہ کی جا سکے اور جس کی مدت کی انتہا نہ ہو سکے اور

عَنْ قَبَائِلِهٖ فِي الشَّرِيْعَةِ وَالطَّرِيْقَةِ وَالْحَقِيْقَةِ مِنَ الْاَصْحَابِ

شریعت اور طریقت اور حقیقت میں آپ کے قبائل، اصحاب

وَالْعُلَمَاءِ وَاَهْلِ الطَّرِيْقَةِ وَاجْعَلْنَا يَا مَوْلٰينَا مِنْهُمْ

اور علماء اور اہل طریقت سے راضی فرما اور اے ہمارے مولی ہم کو

حَقِيْقَةً آمِيْنَ ○

ان سے سچا وابستہ فرما دے۔ آمین

اِلٰهِیْ وَسَيِّدِیْ وَسَنَدِیْ اَمْ مَنْ ذَا الَّذِیْ اَسْئَلُهٗ

اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے وہ جس سے کہ میں مانگتا ہوں

وَاَنْتَ الرَّبُّ الْمَوْجُوْدُ ○ يَا عَظِيْمَ الْجَنَابِ ○ اِلٰهِیْ

تو ہی پروردگار ہے موجود ہے، اے عظیم بارگاہ والے، اے میرے معبود

وَسَيِّدِیْ وَسَنَدِیْ اِلٰى مَنْ اَتَوَجَّهُ وَاَنْتَ الْحَقُّ

اور میرے سردار اور میرے سہارے ہیں وہ جس کی جانب متوجہ ہوتا ہوں، تو ہی حق ہے

الْمَعْبُوْدِ ○ يَا سَيِّدَ الْاَسْيَادِ ○ اِلٰهِیْ وَسَيِّدِیْ

معبود ہے، اے سرداروں کے سردار، اے میرے معبود اور میرے سردار

وَسَنَدِیْ اَمْ مَنْ يُعْطِيْنِیْ وَاَنْتَ صٰحِبُ الْجُوْدِ يَا

اور میرے سہارے کہ وہ جو مجھے عطا کیا کرتا ہے، تو ہی سخی داتا ہے، اے

مَنْ اِذَا دُعِیَ اَجَابَ ○ اِلٰهِیْ وَسَيِّدِیْ وَسَنَدِیْ

وہ ذات جس کو پکارا جائے تو وہ جواب دے، اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے

حَقٌّ عَلَیَّ اَنْ لَّا اَشْتَكِیْ اِلَّا اِلَيْكَ ○ اِلٰهِیْ وَسَيِّدِیْ

مجھ پر یہ فرض ہے کہ میں تیرے سوا کسی اور سے فریاد نہ کروں، اے میرے معبود اور اے میرے سردار

وَسَنَدِیْ لَازِمٌ عَلَیَّ اَنْ لَّا اَتَوَكَّلَ اِلَّا عَلَيْكَ

اور میرے سہارے، مجھ پر یہ لازم ہے کہ میں تیرے سوا کسی اور پر بھروسہ نہ کروں

اِلٰهِیْ وَسَيِّدِیْ وَسَنَدِیْ وَاجِبٌ عَلَیَّ اَنْ لَّا اَتَوَجَّهَ

اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے مجھ پر یہ واجب ہے کہ میں تیرے سوا

اِلَّا اِلَیْكَ ○ یَامَنْ عَلَیْهِ یَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ یَا مَنْ

تیرے سوا کسی اور کی جانب رجوع نہ ہوں، اے وہ ذات جس پر کہ سب بھروسہ کرنے والے بھروسہ کرتے

اِلَیْهِ یَلْجَاُ الْخَآئِفُوْنَ ○ یَامَنْ بِكَرَمِهٖ وَجَمِیْلِ

ہیں، اے وہ ذات جس کی جانب ڈرنے والے التجا کرتے ہیں، اے وہ ذات کہ جس کے کرم اور جس کی جمیل

عَوَآئِدِهٖ یَتَعَلَّقُ الرَّاجُوْنَ ○ یَامَنْ بِسُلْطَانِ

مہربانیوں سے امید رکھنے والے آس لگائے رہتے ہیں، اے وہ ذات کہ جو اپنے

قَهْرِهٖ وَعَظِیْمِ رَحْمَتِهٖ وَبِرِّهٖ یَسْتَغِیْثُ الْمُضْطَرُّوْنَ

قہر کی قدرت اور جو اپنی رحمت اور بھلائی کی عظمت کے ذریعہ تڑپنے والوں کی فریادرسی فرماتا ہے

○ یَامَنْ لِوُسْعِ عَطَآئِهٖ وَجَمِیْلِ فَضْلِهٖ وَنَعْمَآئِهٖ

اے وہ ذات کہ جس کی نوازش کی وسعت اور جس کے فضل جمیل اور جس کی نعمتوں کے لیے

تُبْسَطُ الْاَیَادِیْ وَیَسْئَلُ السَّآئِلُوْنَ ○ اِلٰهِیْ وَ

حوصلہ مندی کی ہمت افزائی ہوتی ہے، اور مانگنے والے مانگتے رہتے ہیں، اے میرے معبود اور

سَیِّدِیْ وَمَوْلَایَ اِجْعَلْنِیْ مِمَّنْ تَوَكَّلَ عَلَیْكَ

میرے سردار میرے مولیٰ ان لوگوں میں سے بنا دے جو تجھ پر بھروسہ کرتے ہیں

○ اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ وَسَنَدِیْ لَا تُخَیِّبْ رَجَآئِیْ اِذْ صِرْتُ

اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے میری آرزو کو پامال نہ فرما جبکہ تیرے

بَیْنَ یَدَیْكَ ○ اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْ وَسَنَدِیْ اٰمِنْ خَوْفِیْ

آگے میں گڑگڑاؤں، اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے مجھے خوف سے

اِذَا وَصَلْتُ اِلَیْكَ ○ یَاقَرِیْبُ یَا مُجِیْبُ

امن دے جبکہ میں تجھ سے واصل ہوں، اے قریب، اے قبول کرنے والے

یَاسَمِیْعُ یَاقَرِیْبُ ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا ضَآلُّوْنَ فَاهْدِنَا

اے سننے والے اے قریب، اے اللہ بے شک ہم گم گشتہ راہ ہیں ہمیں ہدایت دے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا فُقَرَآءُ فَاَغْنِنَا ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا مُذْنِبُوْنَ

اے اللہ! بے شک ہم فقیر ہیں پس ہمیں تونگر بنا، اے اللہ! ہم بے شک گنہگار ہیں

فَاغْفِرْ لَنَا يَا نُوْرُ يَا هَادِيْ يَا غَنِيُّ يَا قَوِيُّ ○

پس ہمارے گناہوں کو معاف فرما دے، اے روشنی دینے والے، اے ہدایت دینے والے، اے قوت دینے

اَللّٰهُمَّ بِرُوْحٍ مِّنْكَ اَيِّدْنَا ○ اَللّٰهُمَّ مِنْ عِلْمِكَ

اے اللہ! تیری جانب سے روح کے ساتھ ہماری پشت پناہی فرما، اے اللہ تیرے

الْمَكْنُوْنِ عَلِّمْنَا ○ اَللّٰهُمَّ وَعَلٰى دِيْنِكَ الَّذِيْ ارْتَضَيْتَهٗ

ربستہ علم سے ہمیں مالا مال فرما، اے اللہ! تیرے دین پر جسے تو نے پسند فرمایا

ثَبِّتْنَا ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ سَبَقَتْ لَهُمْ مِّنْكَ

ہمیں ثابت قدم رکھ، اے اللہ! ہم کو ان لوگوں میں سے بنا دے جو تجھ سے نیکی حاصل کرنے

الْحُسْنٰى ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ فِي الدُّنْيَا طَاعَتَكَ

والوں میں آگے ہوں، اے اللہ! بے شک ہم تجھ سے دنیا میں تیری طاعت مانگتے ہیں اور

وَالْفِرَارَ مِنْ مَّعْصِيَتِكَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ

تیری نافرمانی سے دوری مانگتے ہیں، اے اللہ! بے شک ہم تجھ سے

فِي الْاٰخِرَةِ جَنَّتَكَ وَرُؤْيَتَكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ

آخرت میں تیری جنت اور تیرا دیدار اور تیرے عذاب سے سلامتی مانگتے ہیں

○ اَللّٰهُمَّ اَحْيِنَا فِي الدُّنْيَا مُؤْمِنِيْنَ طَائِعِيْنَ اَللّٰهُمَّ

اے اللہ! ہم کو دنیا میں اطاعت شعار ایمان داروں کی زندگی عطا فرما اور اے اللہ!

تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ تَائِبِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا عِنْدَ السُّؤَالِ تَائِبِيْنَ ○

ہم کو توبہ کرنے والے مسلمانوں کی موت عطا فرما، اے اللہ! ہمیں مانگتے وقت توبہ والے بنا دے

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا يَوْمَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَّاْخُذُ

اے اللہ! ہم کو قیامت کے دن امن میں رہنے والوں میں بنا دے، اے اللہ! ہمیں ان سے بنا دے

الْكِتَابَ بِالْيَمِيْنِ ○ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا عَلَى الصِّرَاطِ

جن کے سیدھے ہاتھ میں نامۂ اعمال ہوگا، اے اللہ! ہم کو صراط مستقیم

الْمُسْتَقِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنَا بِرَحْمَتِكَ وَكَرَمِكَ اِلٰى

پر ثابت قدم رکھ، اے اللہ! ہمیں تیری رحمت اور تیرے کرم کے ذریعہ

جَنَّاتِ النَّعِيْمِ ○ اَللّٰهُمَّ نَجِّنَا بِحِلْمِكَ وَعَفْوِكَ

نعمت بھرے باغوں میں داخل فرما، اے اللہ! ہمیں تیرے حلم و عفو کے

مِنَ الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ يَا بَرُّ يَا رَحِيْمُ يَا حَلِيْمُ يَا كَرِيْمُ

ذریعہ سخت عذاب سے نجات دے، اے بھلائی فرمانے والے اے رحم والے اے حلم والے اے کرم والے

○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا اَصْبَحْنَا لَا تَمْلِكُ لِاَنْفُسِنَا دَفْعًا وَّلَا

اے اللہ! بے شک ہم ایسے اٹھے ہیں کہ ہماری جانوں کے قبضہ اختیار میں نہ کوئی دفع ہے

رَفْعًا وَّلَا ضَرًّا وَّلَا نَفْعًا ○ فُقَرَاءُ لَا شَيْءَ لَنَا ضُعَفَاءُ لَا قُوَّةَ

اور نہ رفع نہ کوئی نقصان ہے اور نہ نفع۔ ہم ایسے فقیر ہیں کہ ہماری اپنی کوئی چیز نہیں، ہم ایسے کمزور ہیں کہ

لَنَا وَاَصْبَحَ الْخَيْرُ كُلُّهٗ بِيَدِكَ وَاَمْرُ كُلِّ شَيْءٍ

ہم میں کوئی قوت نہیں اور نیکی کا ظہور سب کچھ وہ تو تیرے ہاتھ میں ہے اور ہر چیز کا حکم

رَاجِعٌ اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ وَفِّقْنَا لِمَا بِهٖ اَمَرْتَنَا ○

تیری ہی طرف رجوع کرنے والا ہے، اے اللہ! ہمیں اس کی توفیق دے جس کے کرنے کا تو نے ہمیں

اَللّٰهُمَّ اَعِنَّا عَلٰى مَا كَلَّفْتَنَا ○ اَللّٰهُمَّ اَغْنِنَا عَنْ كُلِّ

حکم دیا، اے اللہ! ہمیں اپنی ذمہ داریوں کی تکمیل میں ہماری مدد فرما، اے اللہ! تیرے فضل سے ہمیں

شَيْءٍ بِفَضْلِكَ ○ اَللّٰهُمَّ اجْبُرْ مَا فَاتَ مِنَّا بِكَرَمِكَ

ہر چیز سے تونگر بنا دے، اے اللہ! تیرے کرم اور تیری عنایت سے اس کی تلافی فرما دے

وَعِنَايَتِكَ ○ اَللّٰهُمَّ وَاَيِّدْنَا بِالتَّوَجُّهِ اِلَيْكَ بِحَوْلِكَ

جو کچھ کہ ہم سے جاتا رہا اے اللہ! تیری طرف پلٹاتے ہوئے

وَقُوَّتِكَ يَا مَالِكُ يَا قَدِيْرُ يَا سَمِيْعُ يَا بَصِيْرُ ○

تیری طاقت اور تیری قوت سے ہماری حمایت فرما اے مالک اے قدرت والے اے سننے والے

اَللّٰهُمَّ وَمَا قَصُرَ عَنْهُ رَبَّنَا رَاُيْنَا وَلَمْ تَبْلُغْهُ

اے دیکھنے والے، اے اللہ! اور ہماری رائے، یارب ایسی قصور وار نہ ہو جائے کہ

مَسْئَلَتُنَا مِنْ خَيْرٍ وَعَدْتَهُ اَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ

وہ ہمارے معاملے کو اس بھلائی کے ذریعہ طے نہ کر سکے جس کا وعدہ تو نے تیری مخلوق میں کسی سے فرمایا تھا

اَوْ خَيْرًا اَنْتَ مُعْطِيْهِ اَحَدًا مِنْ اَحَدٍ مِنْ عِبَادِكَ

یا وہ بھلائی جسے تو نے تیرے بندوں میں کسی سے کسی کو عطا فرمائی ہے

فَاِنَّا نَرْغَبُ اِلَيْكَ فِيْهِ وَاَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ

پس بے شک ہم اس میں تیری طرف راغب ہوتے ہیں اور میں تجھ سے تیری رحمت مانگتا ہوں

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ وَاَشْكُوْ

اے سب سے بہترین رحم فرمانے والے، اے اللہ! میں بے شک تجھ ہی سے مانگتا ہوں اور

اِلَيْكَ ضَعْفَ قُوَّتِيْ وَقِلَّةَ حِيْلَتِيْ وَهَوَانِيْ عَلَى

میں تجھ ہی سے میری قوت میں کمزوری کی اور طاقت میں کمی کی اور

الْمَخْلُوْقِيْنَ وَاَنْتَ رَبُّ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ

مخلوقات میں میری ذلت کی فریاد کرتا ہوں اور تو ہی ناتوانوں کا پروردگار ہے اے میرے معبود اور اے میرے سردار

وَسَنَدِيْ اِلٰى مَنْ تَكِلُنِيْ اِلٰى عَبْدٍ يَتَهَجَّمُنِيْ اَمْ اِلٰى

اور میرے سہارے جس کے سپرد میں نے اپنے آپ کو کیا اس بندے کے بارے میں جس کا

عَدُوٍّ مَلَّكْتَهُ اَمْرِيْ اِنْ لَمْ تَكُنْ عَلَيَّ سَاخِطًا

مجھے اچانک سامنا ہو یا وہ دشمن جس کے اختیار میں تو نے میرا کام رکھا ہے اور یہ کہ وہ مجھ پر غضبناک نہ

سَخَطًا مِنْكَ فَلَا اُبَالِيْ وَلٰكِنْ عَافِيَتُكَ اَوْسَعُ

ہونے پائے پس مجھے خوف نہ ہو، اور مگر مجھے تیری عافیت مل جائے جو مجھے پناہ دے

لِی ۝ اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الْكَرِيْمِ الَّذِیْ اَشْرَقَتْ

میں تیرے کرم والی ذات کے نور کی پناہ مانگتا ہوں جس سے

بِهِ الظُّلُمَاتُ وَاَنَارَتْ بِهِ الْاَرْضُ وَالسَّمٰوٰتُ وَصَلُحَ

تاریکیاں روشن ہو گئیں اور جس سے زمین اور آسمانوں میں اجالا ہو گیا ،

عَلَيْهِ اَمْرُ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَنْزِلَ

اور جس پر دنیا و آخرت کا کام درست ہو گیا اس سے پہلے کہ مجھ پر

عَلَیَّ غَضَبُكَ ۝ اَوْ يَحِلَّ عَلَیَّ سَخَطُكَ اَوْ

تیرا غضب نازل ہونے کو ہو یا مجھ پر تیرا غضب نازل ہو جائے یا چپ ہو

اَمَامَكَ الْحَمْدُ حَتّٰی تَرْضٰی يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ

تیرے لئے تعریف ہے یہاں تک کہ تو راضی ہو جائے ، اے سب سے بہترین رحم فرمانے والے

اِلٰهِیْ وَسَيِّدِیْ وَسَنَدِیْ اَشْكُوْ اِلَيْكَ تَلَوُّنَ

اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے سہارے میں میری پراگندہ حالی کی

اَحْوَالِیْ وَتَوَقُّفَ سُؤَالِیْ ۝ يَا مَنْ تَعَلَّقَتْ

اور میرے سوال کے توقف کی تجھ ہی سے فریاد کرتا ہوں ، اے وہ ذات جس کے

بِلَطِيْفِ كَرَمِهٖ وَجَمِيْلِ عَوَائِدِهٖ اٰمَالِیْ يَا مَنْ لَا

لطیف کرم اور جمیل نوازشوں سے میری امیدیں وابستہ ہیں ، اے وہ ذات

يَخْفٰی عَلَيْهِ خَفِیُّ اَفْعَالِیْ يَا مَنْ يَعْلَمُ عَاقِبَةَ

جس سے میرے چھپے ہوئے افعال پوشیدہ نہیں ، اے وہ ذات جو میرے کام کے آخر اور میرے انجام

اَمْرِیْ وَمَاٰلِیْ ۝ اِلٰهِیْ وَسَيِّدِیْ وَحَبِيْبِیْ اِنَّ نَاصِيَتِیْ

سے خوبی واقف ہے ، اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے حبیب بے شک میرا

بِيَدِكَ وَاَحْوَالِیْ لَا تَخْفٰی عَلَيْكَ وَهُمُوْمِیْ وَ

سب اختیار تیرے قبضہ میں ہے اور میرے حالات تجھ پر پوشیدہ نہیں اور میرے رنج

اَحْزَانِيْ مُتَعَلِّقَةٌ لَدَيْكَ ○ اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ

اور میرے غم تجھ ہی سے وابستہ ہیں، اے میرے معبود اور میرے سردار اور میرے مولیٰ

قَدْ جَلَّ مَصَابِيْ وَعَظُمَ اِكْتِئَابِيْ وَتَكَدَّرَ صَفْوُ شَرَابِيْ

بے شک میری مصیبتیں زیادہ ہوگئیں اور میری افسردگیاں بڑھ گئیں اور میرے شربت کی صفائی

وَتَجَمَّعَتْ عَلَيَّ هُمُوْمِيْ وَاَوْصَابِيْ ○ وَتَاَخَّرَ عَنِّيْ

مکدر ہوگئی اور مجھ پر میرے غم اور میری مصیبتیں یکجا ہوگئیں اور میرے مقصد کی جلد

تَعْجِيْلُ مَطْلَبِيْ وَتَنْجِيْزُ اَعْتَابِيْ يَا مَنْ اِلَيْهِ مَرْجِعِيْ

تکمیل ہیں اور میرے عتابوں کی تکلیف دور کرنے میں بہت تاخیر ہوگئی اے وہ ذات جس کی طرف مجھے لوٹنا ہے

وَمَاٰبِيْ ○ يَا مَنْ يَعْلَمُ سِرَّ سِرِّيْ وَعَلَانِيَتَهَا

اور جو میرا آسرا ہے، اے وہ ذات جو میرے بھید کی پوشیدگی سے اور میری علانیہ

خَطَائِيْ ○ يَا مَنْ يَعْلَمُ مَا مِنْهُ اَلَمِيْ وَحَقِيْقَةَ مَآلِيْ

خطا سے بخوبی واقف ہے، اے وہ ذات جو میرے ہر الم سے اور میرے مرجع کی حقیقت سے بخوبی واقف ہے

* * *

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اَللّٰهُمَّ يَا مَنْ نِعَمُهُ لَا تُحْصٰى ○ وَاَمْرُهُ لَا يُعْصٰى

اے اللہ! اے وہ ذات جس کی نعمتوں کا شمار نہیں، اور اس کا حکم کبھی ٹلتا نہیں

○ وَنُوْرُهُ لَا يُطْفٰى وَلُطْفُهُ لَا يَخْفٰى ○ يَا مَنْ فَلَقَ

اور اس کا نور بے نقاب ہوتا نہیں، اور اس کا لطف پوشیدہ ہوتا نہیں، اے وہ ذات

اَلْبَحْرَ لِمُوْسٰى وَاَحْيَى الْمَيِّتَ لِعِيْسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

جس نے موسیٰ (علیہ السلام) کیلئے سمندر کو شق کر دیا اور عیسیٰ (علیہ السلام) کیلئے مردہ کو زندہ فرمایا، ان دونوں پر سلام ہو

وَجَعَلَ النَّارَ بَرْدًا وَّسَلَامًا عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ ○ صَلِّ

اور آگ کو ابراہیم علیہ السلام پر ٹھنڈی اور سلامتی بنا دیا ہمارے

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ

سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر درود بھیج

اجْعَلْ لِّيْ فَرَجًا وَّمَخْرَجًا ○ اَللّٰهُمَّ بِتَلَأْلُؤِ نُوْرِ

میرے لئے فراخی اور نجات کی راہ نکال دے اے اللہ تیرے عرش کے پردوں

بَهَاءِ حُجُبِ عَرْشِكَ مِنْ اَعْدَائِيْ اِحْتَجَبْتُ ○

کی خوبصورتی کے نور کی چمک کے طفیل میرے دشمنوں سے میں پوشیدہ رہا

وَبِسَطْوَةِ الْجَبَرُوْتِ مِمَّنْ يَّكِيْدُنِيْ تَحَصَّنْتُ ○ وَ

اور تیرے جبروت کی سطوت کے طفیل میں ان لوگوں سے محفوظ ہو گیا جنھوں نے مجھ سے فریب کیا اور

بِحَوْلِ طَوْلِ جَوْلِ شَدِيْدِ قُوَّتِكَ مِنْ كُلِّ سُلْطَانٍ

تیری شدید قوت کی رسی کی لمبائی کی طاقت کے طفیل میں ہر قوت سے

تَحَصَّنْتُ ○ وَبِدَيْمُوْمِ قَيُّوْمِ دَوَامِ اَبَدِيَّتِكَ

محفوظ ہو گیا، اور میں ہر شیطان سے تیری ابدیت کے دوام کے

مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ اِسْتَعَذْتُ ○ وَبِمَكْنُوْنِ السِّرِّ مِنْ

قائم رہنے کی ہمیشگی کی پناہ میں آگیا، اور تیرے بھیدوں کے پردے

سِرِّ سِرِّكَ مِنْ كُلِّ هَامَّةٍ تَخَلَّصْتُ وَتَحَصَّنْتُ يَا حَابِسَ

میں پوشیدہ راز کے طفیل میں نے ہر زہریلے کیڑے سے نجات حاصل کی اور محفوظ ہو گیا

الْوَحْشِ يَا شَدِيْدَ الْبَطْشِ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ

اے درندے کو بند کر دینے والے، اے شدید جلال والے میں نے تجھ پر بھروسہ کیا

اُنِيْبُ اِحْبِسْ عَنِّيْ مَنْ ظَلَمَنِيْ وَاغْلِبْ مَنْ غَلَبَنِيْ كَتَبَ

اور تیری طرف واپس لوٹونگا، اس کو روک دے جو مجھ پر ظلم کرے اور اس کو مغلوب فرما جس نے مجھ پر غلبہ کیا

اَللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِیْ اِنَّ اللّٰهَ قَوِیٌّ عَزِیْزٌ اَللّٰهُ اَكْبَرُ

اللہ نے لکھ دیا کہ میں اور میرے رسول غالب ہونگے، بے شک اللہ قوت والا غالب ہے، اللہ سب سے

(ثَلٰثًا) ○ وَاَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِیْعًا اَللّٰهُ اَعَزُّ مِمَّا

بڑا ہے (تین بار) اور اس کی تمام مخلوق میں سب سے زیادہ عزت والا اللہ عزیز بناتا ہے

اَخَافُ وَاَحْذَرُ ○ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ

اس کو جس سے میں خوف کھاتا ہوں اور گھبراتا ہوں، میں اللہ کی پناہ میں آیا جس کے سوا

اِلَّا هُوَ مُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ اَنْ تَقَعَ عَلَی

کوئی معبود نہیں، جس کے قبضے میں ساتوں آسمان ہیں

الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ○ مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ (فُلَانٍ)

زمین پر اس کی ہی اجازت سے قائم ہیں تیرے بندے فلاں (دشمن کا نام لیں)

وَجُنُوْدِهٖ وَاَشْیَاعِهٖ وَاَتْبَاعِهٖ وَالْجِنِّ

کے اور اس کے لشکر کے، اور اس کے گروہ کے اور اس کے حمایتیوں کے اور جن و

وَالْاِنْسِ ○ اَللّٰهُمَّ كُنْ لِیْ جَارًا مِّنْ شَرِّهِمْ

انسان کے شر سے، اے اللہ! مجھے ان کے شر سے آزاد کر دے، تیری تعریف کی

جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَلَا اِلٰهَ غَیْرُكَ

بڑی شان ہے اور تیرے جوار میں رہنے والے کی بڑی عزت ہے اور تیرا نام برکت والا ہے اور تیرے سوا

○ تَفْعَلُ مَا تَشَآءُ وَاَنْتَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

کوئی معبود نہیں، تو جو چاہتا ہے وہ کرتا ہے اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ○

اور ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا پروردگار ہے

هٰذِهٖ صَلٰوةٌ عَظِيْمَةٌ تُسَمّٰى عُرُوْسُ الصَّلٰوةِ

اس درود عظیم کا نام عروس الصلوٰۃ ہے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا ہے

اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بیشک اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر درود بھیجتے ہیں اے ایمان والو آپ پر درود

صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ○ جَزَى اللّٰهُ سَيِّدَنَا مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ

اور خوب سلام بھیجو۔ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کو اللہ ہم سے وہ بہترین جزا

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنَّا خَيْرًا بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

دے جو آپ کے لائق ہو۔ اے اللہ ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ہمارے سردار

سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِى الْاَوَّلِيْنَ وَفِى الْاٰخِرِيْنَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر جو اگلوں اور پچھلوں میں ہوں اور فرشتوں کی اعلیٰ جماعت

وَفِى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى اِلٰى يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اَللّٰهُمَّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى

میں تا قیامت درود و سلام بھیج اے اللہ تیرے منتخب بندے اور تیرے برگزیدہ نبی اور

عَبْدِكَ الْمُصْطَفٰى وَنَبِيِّكَ الْمُجْتَبٰى وَرَسُوْلِكَ الْمُرْتَضٰى وَشَفِيْعِكَ

تیرے پسندیدہ رسول اور تیرے شفیع جن کی ضرورت ہوگی اور تیرے پاک حبیب زمین

الْمُبْتَغٰى ○ وَحَبِيْبِكَ الْمُنْتَقٰى سَيِّدِ اَهْلِ الْاَرْضِ وَاَهْلِ السَّمَآءِ سَيِّدِنَا

و آسمان والوں کے سردار اور ہمارے سردار اور ہمارے آقا محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر اور آپ کی

وَمَوْلٰىنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ مِلْاَ الْمِيْزَانِ ○ وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ وَمَبْلَغَ

آل اور آپ کے اصحاب پر میزان بھر اور علم کی حد کے برابر اور خوشنودی کی حد کے برابر اور عرش کے وزن برابر

الرِّضٰى وَزِنَةَ الْعَرْشِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

سلام و برکت بھیج اے اللہ! ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) کی آل پر تیری مخلوق کی تعداد برابر

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ عَدَدَ خَلْقِکَ وَرِضٰی نَفْسِکَ وَزِنَۃَ عَرْشِکَ وَ

اور تیری ذاتی خوشنودی برابر اور تیرے عرش کے وزن برابر اور تیرے کلمات کی سیاہی برابر

مِدَادَ کَلِمَاتِکَ وَعَدَدَ مَعْلُوْمَاتِکَ کُلَّمَا ذَکَرَکَ الذَّاکِرُوْنَ

اور تیرے علم میں موجود اس تعداد کے برابر جو کہ تیرا ذکر کرنے والے ذاکروں کی ہے

وَغَفَلَ عَنْ ذِکْرِکَ الْغَافِلُوْنَ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور جو تیرے ذکر سے غفلت برتنے والے غافلوں کی ہے درود وسلام بھیج، اے اللہ درود وسلام

وَبَارِکْ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّ عَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا

اور برکت بھیج ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی آل پر

مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ وَسَلَّمْتَ وَ بَارَکْتَ عَلٰی

درود وسلام اور برکت بھیج جیسا کہ تو نے ابراھیم (علیہ السلام) پر اور ابراھیم

اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ○

(علیہ السلام) کی آل پر درود وسلام اور برکت بھیجی، بے شک تو بڑی تعریف اور بزرگی والا ہے

سُبْحَانَ مَنْ یَّصْطَفِیْ مَنْ یَّشَآءُ مِنَ الْعِبَادِ سُبْحَانَ

پاک ہے وہ ذات جو جسے چاہے بندوں میں چن لیتی ہے ۔ پاک ہے وہ ذات جو

مَنْ یَّجْتَبِیْ اِلَیْہِ اَھْلَ الْھُدٰی وَالرَّشَادِ ○ سُبْحَانَ

رشد وہدایت والوں کو برگزیدہ بنالی ہے، پاک ہے وہ ذات

مَنِ ارْتَضٰی لِحَبِیْبِہٖ اَشْرَفَ مَصْنُوْعَاتِہٖ سُبْحَانَ

جس نے اپنے ایسے حبیب کو پسند فرمایا جو اس کی مخلوقات میں شریف ترین ہیں، پاک ہے وہ ذات

مَنْ اَرَاہُ عَیْنَ ذَاتِہٖ بِعَیْنِ ذَاتِہٖ ○ سُبْحَانَ مَنْ

جس نے اپنی عین ذات کا دیدار آپ کی عین ذات کو دکھلایا، پاک ہے وہ ذات

صَلّٰی وَسَلَّمَ عَلَیْہِ بِمَا لَا یُحِیْطُ بِہٖ اَحَدٌ مِّنْ

جس نے آپ پر ایسا درود وسلام بھیجا جس کا احاطہ اس کی مخلوقات میں

مَخْلُوْقَاتِهٖ ○ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ الْمَرْجُوُّ لِزِيَادَتِهٖ

کوئی بھی نہیں کر سکتا ، پاک ہے وہ ذات جو اپنی بڑی نوازش میں زیادتی کے لئے

مِنْ اَعْظَمِ هِبَاتِهٖ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى

امیدوں کا مرکز ہے ، اے اللہ! ان پر درود و سلام بھیج جو

رُوْحِ جُثْمَاتِ الْاَسْرَارِ وَلَوْحِ صُوَرِ الْاَنْوَارِ

بھیدوں کے جسم کی روح اور انوار کی شکلوں کی تختی ہیں

○ صَاحِبِ الْعَصْرِ مُذْ كَانَ وَ لَا يَزَالُ الْوَقْتُ لَهٗ

ابتدا سے صاحب زمانہ ہیں ، وقت ہمیشہ

خَادِمًا عَبْدِكَ الَّذِىْ لَمْ يَزَلْ لَكَ بِاَمْرِكَ مِنْ

جن کا خادم ہے۔ جو ہمیشہ تیرے حکم کے مطابق

حَيْثُ اَنْتَ عَلٰى اَفْضَلِ مَا عَلِمْتَ مِنْ اَحَدٍ

تیری مخلوق میں ہر ایک سے افضل ہیں جس سے تو بخوبی واقف ہے

مِنْ خَلْقِكَ قَائِمًا حَبِيْبِكَ صَفِيِّكَ نَجِيِّكَ نَبِيِّكَ

جو تیرے حبیب تیرے صفی تیرے نجی تیرے نبی

رَسُوْلِكَ خَلِيْلِكَ سَيِّدِ الْخَلْقِ بِسِيَادَتِكَ عَلَيْهِمْ

تیرے رسول تیرے خلیل ہیں جو ان پر تیری عطا کردہ سرداری کی بدولت مخلوق کے سردار ہیں

رَحْمَتِكَ الْمُفَاضَةِ الْوَاصِلَةِ مِنْكَ اِلَيْهِمْ سَيِّدِنَا

جو تیری رحمت ہیں۔ جو تیری جانب سے ان کو کثرت سے حاصل ہے (یعنی) ہمارے سردار

مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهِ الْفَائِزِيْنَ بِمَا قَسَمْتَ

محمد (صلی اللہ علیہ وسلم)، اللہ آپ کی آل اور آپ کے اصحاب پر جو فائز ہیں (ان مرتبوں)

لَهُمْ مِنْ مَدَدِهٖ وَقُرْبِهٖ اٰمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اَمِدَّنَا

پر جو کہ تو نے آپ کی مدد اور آپ کے قرب کی بدولت ان کے مقسوم میں رکھا۔ آمین

بِمَدَدِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَدُوْمَ

اے اللہ! محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی امداد کو طویل فرما

لَنَا الْاِسْتِقَامَةُ وَتَزَايَدَ لَنَا بِكَ الْكَرَامَةُ ○

تاکہ ہمارے ساتھ استقامت کو دوام ملے اور ہمارے لئے تیری کرامت

وَبَلِّغْهُ سَلَامَنَا فِيْ سَلَامِكَ وَصَلَوٰتِنَا فِيْ

زیادہ ہو اور ہمارا سلام تیرے سلام میں اور ہمارا درود

صَلَاتِكَ وَصَلِّ وَسَلِّمْ عَلَيْهِ مَا دَامَ مَجْدُكَ

تیرے درود میں آپ تک پہنچا دے اور درود وسلام بھیج جب تک تیری بزرگی ہمیشہ باقی رہے

وَعَلَا عِزُّكَ وَاَشْرَقَ نُوْرُكَ وَتَمَّ ظُهُوْرُكَ ○

اور تیری عزت بلند رہے اور تیرا نور روشن رہے اور تیرا جلوہ تمام ہو

وَعَلٰى اِخْوَانِهٖ مِنَ الْاَنْبِيَاءِ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَاٰلِ

نبیوں اور رسولوں میں سے آپ کے بھائیوں پر اور سب آپ کی آل

كُلٍّ وَالصَّحَابَةِ اَجْمَعِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور تمام اصحاب پر (درود وسلام)، اے اللہ!

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْمَلِيْحِ ○ صَاحِبِ الْمَقَامِ

ہمارے سردار محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیج جو ملاحت والے نبی ہیں اعلیٰ مقام

الْاَعْلٰى وَاللِّسَانِ الْفَصِيْحِ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

اور فصیح زبان والے ہیں اے اللہ! تیرے روشن ترین نور

عَلٰى نُوْرِكَ الْاَسْنٰى وَسِرِّكَ الْاَبْهٰى وَحَبِيْبِكَ

اور تیرے حسین ترین بھید اور تیرے بلند ترین حبیب

الْاَعْلٰى وَصَفِيِّكَ الْاَزْكٰى ○ وَاسِطَةِ اَهْلِ الْحُبِّ

اور تیرے پاکیزہ ترین صفی پر درود وسلام بھیج جو محبت والوں کا واسطہ ہیں

وَقِبْلَةِ اَهْلِ الْقُرْبِ ○ رُوْحِ الْمَشَاهِدِ الْمَلَكُوْتِيَّةِ

اور قرب رکھنے والوں کا قبلہ ہیں، ملکوتی مشاہدہ کرنے والوں کی جان ہیں

وَلَوْحِ الْاَسْرَارِ الْقَيُّوْمِيَّةِ تَرْجُمَانِ الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ

اور ہمیشہ قائم رہنے والے بھیدوں کی لوح ہیں، ازل اور ابد کے ترجمان ہیں

○ لِسَانُ الْغَيْبِ الَّذِىْ لَا يُحِيْطُ بِهٖ اَحَدٌ صُوْرَةُ

غیب کی زبان ہیں جس کا کوئی احاطہ نہیں کر سکتا

الْحَقِيْقَةِ الْفَرْدَانِيَّةِ وَحَقِيْقَةُ الصُّوْرَةِ الْمُزَيَّنَةِ

فردانی حقیقت کی صورت اور انوار رحمانی سے

بِالْاَنْوَارِ الرَّحْمَانِيَّةِ ○ اِنْسَانُ اللّٰهِ الْمُخْتَصُّ

آراستہ صورت کی حقیقت ہیں، اللہ کے ایسے انسان ہیں جو اس کے پاس مختص

بِالْعِبَارَةِ عَنْهُ ○ سِرُّ قَابِلِيَّتِهِ الْاِلٰهِيِّ الْاِمْكَانِيِّ

اور معتبر ہیں، اس کی قابلیت کے ایسے راز ہیں جو ربانی امکانی شان میں

الْمُتَلَقِّبَةِ مِنْهُ ○ اَحْمَدُ مَنْ حَمِدَ وَحُمِدَ عِنْدَ رَبِّهٖ

اس سے وابستہ ہو جس نے بھی تعریف کی اور جس کی بھی تعریف کی گئی اللہ کے پاس

مُحَمَّدِنِ الْبَاطِنِ وَالظَّاهِرِ بِتَفْعِيْلِ التَّكْمِيْلِ الذَّاتِيِّ

آپ اس سے بھی زیادہ تعریف کے قابل ہیں اس کے قرب کے مراتب کی تکمیل کی عمل آوری کے ظاہر و باطن

فِىْ مَرَاتِبِ قُرْبِهٖ ○ غَايَةِ طَرَفِ الدَّوْرَةِ النَّبَوِيَّةِ

میں نہایت تعریف کردہ ہیں، نظری و امدادی طور پر اولین متصل، دائرہ نبوت

الْمُتَّصِلَةِ بِالْاَوَّلِ نَظْرًا وَّاِمْدَادًا ○ بِدَايَةِ

کی جہت کی انتہا ہیں، ارشاد اور سعادت

نُقْطَةِ الْاِنْفِعَالِ الْوُجُوْدِيِّ اِرْشَادًا وَّاِسْعَادًا

کے لحاظ سے وجود کے نقطہ انفعال کی ابتدا ہیں۔

أَمِيْنُ اللّٰهِ عَلٰى سِرِّ الْأُلُوْهِيَّةِ الْمُطَلْسَمِ ○ وَحَفِيْظُهٗ عَلٰى

طلسم خیز الوہیت کے راز کے لئے اللہ کے امانت دار ہیں، اور سربستہ

غَيْبِ اللَّاهُوْتِيَّةِ الْمُكْتَتَمِ ○ مَنْ لَا تُدْرِكُ الْعُقُوْلُ

لاہوتی غیب کے لئے اسی کے نگہبان ہیں، کامل عقلیں بھی جس کا کوئی ادراک نہیں کر سکتیں

الْكَامِلَةُ مِنْهُ إِلَّا مِقْدَارَ مَا تَقُوْمُ عَلَيْهَا بِهٖ حُجَّتُهُ

سوائے اس کے جس کو اس کی جگمگاتی حجت کی جلوہ فرمائی کا اندازہ ہو۔

الْبَاهِرَةُ ○ وَلَا تَعْرِفُ النُّفُوْسُ الْعَرْشِيَّةُ مِنْ حَقِيْقَتِهٖ

اور اس کی حقیقت سے عرشی نفوس بھی بالکل ناآشنا ہیں سوائے

إِلَّا مَا يَتَصَرَّفُ لَهَا بِهٖ مِنْ لَوَامِعِ أَنْوَارِهِ الزَّاهِرَةِ مُنْتَهٰى

اس کے جس کو اس کے چمکتے انوار کی شعاعوں کا تصرف نصیب ہو

هِمَمِ الْقُدُّسِيِّيْنَ ○ وَقَدْ بَدَوْا مِمَّا فَوْقَ عَالَمِ الطَّبَائِعِ

قدسیوں کے حوصلے کی انتہا ہے اور جو بے شک طبیعتوں کے عالم کے اوپر توحید

مَرْمٰى أَبْصَارِ الْمُوَحِّدِيْنَ ○ وَقَدْ طَمَحَتْ لِمُشَاهِدِ

پرستوں کی نگاہوں کی جلوہ گاہ ہے۔ اس کی ابتدا کی اور بے شک اس جامع بھید کے مشاہدہ

السِّرِّ الْجَامِعِ مَنْ لَا يَتَجَلّٰى أَشِعَّةُ اللّٰهِ لِقَلْبِ الْآمِنِ

کے لئے گم ہو گئی جو ایسے ہی قلب پر اللہ کی شعاعوں کو چمکا دے کہ

مِرْآتِ سِرِّهٖ وَهِيَ النُّوْرُ الْمُطْلَقُ وَلَا تَتْلٰى مَزَامِيْرُ

جو اسکے بھید کا آئینہ ہے اور وہ نور مطلق ہے اور زبان پر صرف

عَلٰى لِسَانِ الْأَبْرَنَاتِ ذِكْرِهٖ وَهُوَ الْوِتْرُ الشَّفِيْعِيُّ

اس کے ذکر کی ہی نغمہ سرائی ہے اور وہ وتر، شفیعی،

الْمُحَقِّقُ الْمَحْكُوْمُ بِالْجَهْلِ عَلٰى كُلِّ مَنِ ادَّعٰى مَعْرِفَةَ

محقق، محکوم ہے جہل کے ساتھ ہر کسی پر جس نے اللہ کی معرفت کا

اللّٰہِ مُجَرَّدَۃً فِیْ نَفْسِ الْاَمْرِ عَنْ نَفْسِہِ الْمُحَمَّدِیِّ

نفسِ امر میں تن تنہا دعویٰ کیا اس کے نفسِ محمدی سے . جو

اَلْفَرْعُ الْحُدْنَامِہِ الْمُتَرَعْرِعِ فِیْ غَایَتِہٖ بِمَا یُمِدُّ بِہٖ کُلَّ

شاخ ہے جس کی نمو اپنی انتہا میں کمال پر ہے جس کی بدولت ہر

اَصْلٍ اَبَدِیٍّ جِیْئَذٍ شَجَرَۃَ الْقِدَمِ خُلَاصَۃِ التَّحَتِّیْ

ابدی جڑ پہلے جھاڑ کے وقت سے نکل آتی ہے ، وجود اور

اَلْوُجُوْدِ وَالْعَدَمِ عَبْدُ اللّٰہِ وَنِعْمَ الْعَبْدُ الَّذِیْ

عدم کے امتزاج کا خلاصہ ہے ، اللہ کے بندے ہیں اور کیا ہی اچھے بندے ہیں

بِہٖ کَمَالُ الْکَمَالِ ○ عَابِدُ اللّٰہِ بِاللّٰہِ بِلَا اتِّحَادٍ

کہ جن کا کمال بھی اپنے کمال پر ہے ، اللہ کے عابد ہیں اتحاد کے بغیر

وَلَا حُلُوْلٍ وَلَا اتِّصَالٍ وَلَا انْفِصَالٍ ○ اَلدَّاعِیْ

اور حلول کے بغیر اور اتصال کے بغیر اور انفصال کے بغیر اللہ کے ساتھ ہیں

اِلَی اللّٰہِ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ نَبِیُّ الْاَنْبِیَآءِ وَمَجْدِ

اللہ کی طرف صراط مستقیم پر بلانے والے ہیں ، نبیوں کے نبی ہیں اور رسولوں

الرُّسُلِ ○ عَلَیْہِ بِالذَّاتِ وَعَلَیْہِمْ مِّنْہُ اَفْضَلُ

کی آبرو ہیں ، آپ پر ذاتی طور سے اور ان پر آپ سے افضل

الصَّلَوَاتِ وَاَشْرَفُ التَّسْلِیْمِ ○ اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

درود اور اشرف سلام ہو ، اے اللہ مخصوص

عَلٰی جَمَالِ التَّجَلِّیَاتِ الْاِخْتِصَاصِیَّۃِ ○ وَجَلَالِ

تجلیوں کے جمال پر اور منتخب

التَّنَزُّلَاتِ الْاِصْطِفَائِیَّۃِ ○ اَلْبَاطِنِ بِکَ فِیْ

تنزلات کے جلال پر درود و سلام بھیج ، جو باطن میں تیری

عِيَابَاتِ الْعِزِّ الْأَكْبَرِ الظَّاهِرِ بِنُوْرِكَ فِيْ مَشَارِقِ

سب سے بڑی عزت کے پردوں میں تیرے ساتھ ہیں اور جو ظاہر میں مایۂ ناز عالیشان

الْمَجْدِ الْأَفْخَرِ ○ عَزِيْزُ الْحَضْرَةِ الصَّمَدِيَّةِ ○

مشرقوں میں موجود تیرے نور کے ساتھ ہیں، بارگاہِ صمدانی میں عزیز ہیں

وَسُلْطَانِ الْمَمْلَكَةِ الْأَحَدِيَّةِ ○ عَبْدُكَ مِنْ

اور احدیت کی مملکت کے سلطان ہیں، تیرے بندے ہیں

حَيْثُ أَنْتَ كَمَا هُوَ عَبْدُكَ مِنْ حَيْثُ كَافَّةِ

جیسا کہ تیرے جملہ اسماء وصفات کے لحاظ سے

أَسْمَائِكَ وَصِفَاتِكَ ○ مُسْتَوَى تَجَلِّيْ عَظَمَتِكَ

بندے ہوں، تیری عظمت کی تجلی اور

وَعِلْمِكَ وَرَحْمَتِكَ وَحِلْمِكَ فِيْ جَمِيْعِ مَخْلُوْقَاتِكَ

تیرے علم کا اور تیری رحمت کا اور تیرے حلم کا تیری تمام مخلوقات میں

مَنْ كَحَلْتَ بِنُوْرِ قُدْسِكَ مُقْلَتَهُ فَرَأَى ذَاتَهُ الْعُلْيَا

معیار ہیں جن کی چشم کو تو نے اپنے نورِ قدس سے سرمگیں بنا دیا تو آپ کی ذات اعلیٰ نے

جِهَارًا ○ وَسَتَرْتَ عَنْ كُلِّ أَحَدٍ مِنْ خَلْقِكَ فِيْ

علانیہ دیدار کیا، اور تو پُر اسرار طور پر آپ کے باطن میں تیری مخلوقات میں

بَاطِنِهِ لَكَ أَسْرَارًا ○ وَفَلَقْتَ بِكَلِمَةِ خُصُوْصِيَّةِ

ہر ایک سے پردہ پوش ہو گیا، اور خصوصی محمدی کلمہ کے ذریعہ تو نے

الْمُحَمَّدِيَّةِ بِحَارَ الْجَمْعِ وَمَتَّعْتَ مِنْهُ بِمَعْرِفَتِكَ وَ

سارے سمندروں کو جاری فرمایا اور تو نے ان کی بدولت تیری معرفت

جَمَالِكَ وَخِطَابِكَ الْقَلْبَ وَالْبَصَرَ وَالسَّمْعَ وَاَقَرَّ

اور تیرے دیدار اور تیرے خطاب سے دل، آنکھ اور کان کو مالا مال فرمایا

عَنْ مَقَامِهٖ تَاْخِيْرًا ذَاتِيًّا كُلَّ اَحَدٍ وَجَعَلْتَهٗ

اور ذاتی طور پر ہر کسی کو آپ کے مقام سے پیچھے کر دیا

بِحُكْمِ اَحَدِيَّتِكَ وِتْرَ الْعَدَدِ وَلِوَآءِ عِزَّتِكَ

اور تو نے اپنی احدیت کے حکم کے ذریعہ آپ کو یکتا شمار کیا اور تیری عزت کا لہرانے والا

الْخَافِقِ لِسَانَ حِكْمَتِكَ النَّاطِقِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ

پرچم تیری حکمت کی بولتی ہوئی زبان بنایا (یعنی) ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) پر

وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَشِيْعَتِهٖ وَوَارِثِيْهِ وَحِزْبِهٖ

اور آپ کی آل پر اور آپ کے اصحاب پر اور آپ کی جماعت پر اور آپ کے وارثوں پر اور آپ کے

يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيْمُ ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ

گروہ پر (درود وسلام ہو)، اے اللہ اے نہایت مہربان اے رحم والے اے اللہ

عَلَى الدَّآئِرَةِ الْاِحَاطَةِ الْعُظْمٰى ○ وَمَرْكَزِ مُحِيْطِ

عظیم احاطہ کے دائرے پر اور سربلند آسمانی محیط کے

الْفَلَكِ الْاَسْمٰى عَبْدِكَ الْمُخْتَصِّ مِنْ قِدَمِكَ

مرکز پر، قدیم ہی سے تیرے خاص بندے پر درود وسلام بھیج

بِمَا لَمْ تَهَيَّأْ لَهٗ اَحَدًا مِّنْ عِبَادِكَ سُلْطَانُ

جس سے خوش نظر تیرے بندوں میں کوئی بھی نہیں ہے۔ جو تیرے

مَمَالِكِ الْعِزَّةِ بِكَ ○ فِيْ كَافَّةِ بِلَادِكَ بُحُرُ

باعزت ملکوں کے سلطان ہیں، تیرے سب ہی شہروں میں تیرے

اَسْرَارِكَ الَّذِيْ تَلَاطَمَتْ بِرِيَاحِ التَّعَيُّنِ الصَّمَدَانِيِّ

بھیدوں کے ایسے سمندر ہیں۔ جو صمدانی تعین

اَمْوَاجُهٗ قَائِدُ جَيْشِ النُّبُوَّةِ الَّذِيْ تَسَارَعَتْ

کی ہواؤں سے تلاطم میں آیا۔ جس کی موجیں نبوت کے لشکر کے سپہ سالار ہیں

بِكَ اِلَيْكَ اَفْوَاجُهٗ ○ خَلِيْفَتُكَ عَلٰى كَآفَّةِ

جس کی فوجیں تیرے ساتھ تیری ہی طرف تیزی سے رواں دواں ہیں، تیرے سار خلفا

خَلِيْفَتِكَ ○ اَمِيْنُكَ عَلٰى جَمِيْعِ بَرِيَّتِكَ مِنْ

پر یہ تیرے خلیفہ ہیں تیری جملہ مخلوقات پر امین ہیں کہ

غَايَةِ الْمَجْدِ الْمَجِيْدِ فِى الثَّنَآءِ عَلَيْهِ وَالْاِعْتِرَافِ

آپ کی تعریف میں بزرگی والے کی بزرگی کی انتہا ہے

بِالْعَجْزِ عَنْ اِكْتِنَاهِ صِفَاتِهٖ وَنِهَايَةِ الْبَلِيْغِ

اور عجز کے ساتھ اس کی صفات کی اصلیت اور کمالات تک پہنچنے والی انتہا سے

الْمُبَالِغِ اَنْ لَّا يَصِلَ اِلٰى مَبَالِغِ الْحَمْدِ عَلٰى مَكَارِمِهٖ

عجز کا اعتراف ہے کہ جس کی بزرگیوں اور بخششوں پر ستائش تک

وَهِبَاتِهٖ ○ سَيِّدِنَا وَسَيِّدِ كُلِّ مَنْ لَّكَ عَلَيْهِ

رسائی نہیں کرتی ، ہمارے سردار اور ہر ایک کے سردار جن کو تو نے

سِيَادَةٌ مُحَمَّدِكَ الَّذِى اسْتَوْجَبَ مِنَ الْحَمْدِ

سیادت دی ہے تیری جانب سے تعریف کئے ہوئے جو تیری حمد کے ساتھ واجب ہے

بِكَ لَكَ اِصْدَارَهٗ وَاِيْرَادَهٗ ○ وَعَلٰى اٰلِهِ الْكِرَامِ

تیرے لئے آپ کا ظہور اور آپ کا ذکر ہے، اور آپ کی بزرگ آل اور

وَصَحْبِهِ الْعِظَامِ وَوَارِثِهِ الْفِخَامِ ○ اَلْحَمْدُ

آپ کے باعظمت اصحاب اور آپ کے باعزت وارث پر (درود وسلام ہو) ساری تعریف

لِلّٰهِ وَحْدَهٗ وَكَفٰى ○ وَسَلَامٌ عَلٰى عِبَادِهِ الَّذِيْنَ

اللہ کے لئے ہے جو یکتا ہے اور بس کافی ہے اور اس کے منتخب بندوں پر سلام ہو

اصْطَفٰى ○ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى عَبْدِكَ

(۲۷/وہ) - اے اللہ! درود و سلام بھیج تیرے سب سے بڑے بندے پر

الْاَكْبَرِ وَاَسْنَدِ الْاَنْوَرِ الْبَاطِنِ تَحْتَ سُرَادِقَاتِ

تیری عزت اور تیری عظمت کے شامیانوں تلے باطن کے سب سے

عِزَّتِكَ وَعَظَمَتِكَ ○ اَلظَّاهِرِ بِنَوَامِيْسِ اَمْرِكَ

روشن بنیاد ہیں ، تیرے امر و نہی کے قوانین کا آئینہ ہیں۔

وَنَهْيِكَ وَرَحْمَتِكَ حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى وَنَبِيِّكَ

اور تیری رحمت تیرے منتخب حبیب اور تیرے پسندیدہ نبی ہیں۔

الْمُرْتَضٰى ○ وَخِيْرَتِكَ الْمُبْتَغٰى وَرَسُوْلِكَ الْمُجْتَبٰى

اور تیری مطلوبہ پسند ہیں اور تیرے برگزیدہ رسول ہیں

○ سَيِّدِ اَهْلِ الْاَرْضِ وَاَهْلِ السَّمَآءِ ○ اَحْمَدُ الْاَحْمَدِيّ

زمین والوں اور آسمان والوں کے سردار ہیں بلحاظ تقدیر و تصویر

اَلْحَامِدُ الْمَحْمُوْدُ مُحَمَّدُ الْاَزَلِ وَالْاَبَدِ تَقْدِيْرًا

ازل سے ابد تک سب سے زیادہ قابل تعریف لوگوں میں بھی سب سے زیادہ قابل تعریف ہیں

ثُمَّ تَصْوِيْرًا ○ ثُمَّ تَحْقِيْقًا ثُمَّ ظُهُوْرًا اَذَاتِيًّا

حامد ہیں محمود ہیں محمد ہیں، پھر تحقیقی، پھر ظہوری، ذاتی اعتبار سے حکم کے

مُسَخَّرَ الْحُكْمِ بِلَا اَمَدٍ ○ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ وَ

بے انتہا مسخر ہیں اور آپ کی آل اور آپ کے اصحاب اور

شِيْعَتِهٖ وَوَارِثِيْهِ وَحِزْبِهٖ اَللّٰهُمَّ بِجَاهِهٖ عِنْدَكَ

آپ کی جماعت اور آپ کے وارثوں اور آپ کے گروہ پر (درود وسلام ہو) اے اللہ آپکی جو عزت

يَسِّرْ لَنَا عِلْمَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ○ اَشْهَدُ اَنْ لَّا

تیرے پاس ہے اس کے وسیلے لَآ اِلٰہ اِلا اللہ کا علم ہمارے لئے آسان فرما، میں گواہی دیتا ہوں

اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ

کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اللہ کے رسول ہیں

○ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ اَنْ تُنَزِّلَ صَلٰوتِكَ السَّبُّوْحِیَّةَ

اے اللہ بے شک میں تجھ سے مانگتا ہوں کہ تیرا سبوحی درود اور تیرا

وَتَسْلِیْمَكَ الرَّحْمَانِیَّةَ مِنْ عَرْشِ اِسْمِكَ الْاَعْظَمِ

رحمانی سلام تیرے سب سے بڑے نام کے عرش سے نازل ہو

○ عَلٰی وَاحِدِ تَجَلِّیَاتِكَ الْقُدُّوْسِیَّةِ الْاَکْرَمِ ○

جو تیری سب سے بزرگ قدوسی تجلیات میں سے ایک پر ہو

نُوْرَانِیِّ الْمَشَارِقِ وَالْمَغَارِبِ ○ صَمَدَانِیِّ الْوَجْهِ بِكَ

جو کہ مشرقوں اور مغربوں میں نورانی ہے ، حاجتوں اور

اِلَیْكَ فِی الْمَاٰرِبِ وَالْمَطَالِبِ ○ لَوْحِ نُقُوْشِ

مرادوں میں تیری طرف صمدانی جلوہ ہے ، تیرے جامع محیط

سِرِّكَ الْمُحِیْطِ الْجَامِعِ رُوْحِ ھَیَاكِلِ اَمْرِكَ اللَّدُنِّیِّ

بھید کے نقوش کی تختی ہے ، تیرے وسیع لدنی حکم کے ہیکلوں کی جان ہے

الْوَاسِعِ لِسَانِ نُقْطَةِ الْاَزَلِ الْمُفِیْضَةِ لِكُلِّ

تیری ہر مشیت کے ازلی فیض پہنچانے والے نقطہ کی زبان ہے

مَاشِئْتَ ○ خِزَانَةِ رُتْبَةِ الْاَبَدِ الْمُمِدَّةِ

تیرے ہر ارادے کے ابدی طور پر پھیلے ہوئے رتبہ کا خزانہ ہے

لِكُلِّ مَا اَرَدْتَ ○ اَلْاَوَّلُ الْقَابِلُ لِاَنْوَاعِ

تیرے بلند تعینات کی اقسام کیلئے اولین قابلیت ہے

تَعَیُّنَاتِكَ الْعَلِیَّةِ ○ عَلَی اخْتِلَافِ شُؤُنِهِمَا

جو ان کی بدلتی ہوئی آخر اور خاتم شانوں میں

الْاٰخِرِ الْخَاتِمِ عَلٰی کُنُوْزِ اِمْدَادَاتِكَ الزَّکِیَّةِ ○

تیری پاکیزہ امدادوں کے خزانوں پر ہو

فِىْ ظُهُوْرِهَا وَبُطُوْنِهَا اَلْعَبْدِ الْقَآئِمِ بِسِرِّ الْغَيْبِ

ان کے ظاہر و باطن میں قائم رہنے والے بندے جو غیب کے بھید

وَالْاِحَاطَةِ بِغَايَاتِ الْوَصْلِ النَّاظِرِ بِعَيْنِ

اور احاطہ کے ساتھ اور ذات کی آنکھ سے نظری وصال کی انتہاؤں

الذَّاتِ وَلَا كَيْفَ وَلَا مِثْلَ ○ فَاتِحَةُ كُتُبُ

کے ساتھ ہو جو ناقابل اظہار اور بے مثال ہے۔

الْهَيْئَاتِ وَالصِّفَاتِ وَالْاٰيَاتِ الْبَيِّنَاتِ ○

ہیئتوں اور صفتوں اور کھلی نشانیوں کی کتابوں کی ابتدا ہے

سِرُّ الْبَاقِيَاتِ الصَّالِحَاتِ الدَّآئِمَاتِ ○

ہمیشہ ہمیشہ باقی رہنے والی نیکیوں کا راز ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰى هٰذَا الْحَبِيْبِ الْمَحْبُوْبِ

اے اللہ! اس محبوب کے حبیب پر درود و سلام بھیج

الَّذِىْ عِنْدَهُ الْمَطْلُوْبُ عَبْدِكَ وَنَبِيِّكَ وَ

جو اس کے پاس مطلوب ہے، تیرے بندے اور تیرے نبی اور

رَسُوْلِكَ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِهٖ

تیرے رسول نبی امی ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) اور آپ کی آل

وَصَحْبِهٖ وَسَلِّمْ ○ بِاسْمِكَ السَّلَامِ الْمُمِدِّ

اور آپ کے اصحاب پر سلام بھیج، تیرے نام پاک سلام، ممد،

الْقَيُّوْمِ عَلَيْكَ مِنْكَ مَعَكَ ○ وَاجْعَلْنَا بِهٖ

قیوم کے ساتھ، تجھ پر، تجھ سے، تیرے ساتھ، اور ہم کو آپ کے ساتھ

فِىْ حَضْرَتِ الْقُدُسِ الرَّبَّانِىِّ مِمَّنْ تَبِعَهٗ فَاتَّبَعَكَ

ربانی بارگاہِ قدس میں ان سے بنا دے جنہوں نے آپ کی اتباع کی تو تیری اتباع کی

اَللّٰهُمَّ كَذَالِكَ فِيْ كُلِّ ذٰلِكَ مَادَامَ لَكَ كُلُّ

اے اللہ! ہر بات میں ویسا ہی ہو جیسا کہ دوامی طور پر تیرے لئے ہوا

مَاكَانَ وَكُلُّ مَايَكُوْنُ وَبَقِيَ تَعَيُّنُ سُلْطَانِ

اور جو کچھ ہوگا اور ظاہر و باطن میں تیری احدیت کی

اَحَدِيَّتِكَ فِي الظُّهُوْرِ وَالْبُطُوْنِ ○ وَاَشْرَقَ

سلطنت کا تعین باقی رہے ، اور حرکت و سکون میں

جَمَالِ شُهُوْدِكَ عَلٰى عَوَالِمِ اَمْرِكَ فِي الْحَرَكَةِ

تیرے حکم کے عوالم پر تیرے شہود کا جمال نظر آئے

وَالسُّكُوْنِ ○ وَاَنْفَقْتَ مِنْ خَزَائِنِ مَوَاهِبِكَ

اور تیرے سربستہ رازوں سے جو بھی تو نے چاہا تیری

مَاشِئْتَ مِنْ سِرِّكَ الْمَصُوْنِ ○ وَبَطَنَ عَنْ اِدْرَاكِ

بخششوں کے خزانوں کو عام فرمائے ، اور تیرے پوشیدہ حکم سے

كُلِّ اَحَدٍ مَاكَتَمْتَ عَنْ اَمْرِكَ الْمَكْنُوْنِ ○

جو بھی تو نے پوشیدہ رکھنا چاہا ہر کسی کے ادراک سے چھپائے

اٰمِيْنَ ○ دَعْوٰهُمْ فِيْهَا سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَ

آمین ، ان کی دعا اس میں یہ ہوگی کہ اے اللہ! تیری ذات پاک ہے

تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلَامٌ وَاٰخِرُ دَعْوٰهُمْ اَنِ الْحَمْدُ

اور ان کے ملتے وقت خوشی کا پہلا بول سلام ہے اور ان کی دعا کا خاتمہ یہ ہے کہ

لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ

ساری تعریف اللہ کے لئے ہے جو سارے جہانوں کا رب ہے (پ۱۱) ۔ اے اللہ بے شک میں یہ مانگتا

تُصَلِّيَ وَتُسَلِّمَ بِاَفْضَلِ مَا يُمْكِنُ اَنْ يَبْرُزَ مِنْ حَضْرَتِكَ

ہوں کہ تو تیری بارگاہ ذات سے صادر ہونے والا ہر ممکن افضل درود و سلام

عَلٰى عَبْدِكَ اَنْسَخْتَهُ اِسْمَكَ الْمُشَارَ اِلَيْهِ بِاَنْوَاعِ

تیرے بندے پر بھیجے جسے قسم قسم کے اعتبارات کے ساتھ تیرے نام کے

الْعِبَارَاتِ ○ اُلُوْهِيَّتُهُ جَامِعُ جَوَامِعِ الْمُحِيْطِ

اشارے سے آپ کے لئے لکھا گیا ، اس کی الوہیت سارے فردانی

الْفَرْدَانِيِّ ○ تَحْتَهُ ذَخِيْرَةُ كَنْزِ التَّعَيُّنِ الْعِرْفَانِيِّ ○

احاطوں کی جامع ہے ، جس کے تحت عرفانی تعین کے خزانے کا ذخیرہ ہے

مَرْقُوْمُ نُقُوْشِ اَسْرَارِ الْمَحَجَّةِ عَنْ قَوَابِلِ

مخلوقات کے سامنے آنے والی منزلوں کے بھیدوں کے نقوش جس پر

الْخَلَائِقِ ○ لِسَانُ الْاِصْطِفَاءِ الْمُرَقَّعُ بِصُوَرِ

لکھے ہیں ، حقیقتوں کی صورتوں کے ساتھ بلند انتخاب کی زبان ہے

الْحَقَائِقِ ○ اَلنَّاطِقُ عَنْكَ بِلِسَانِ كَانَ اللّٰهُ

تیرے ساتھ ایسی زبان سے بولنے والے ہیں کہ ان کے ساتھ صرف اللہ ہے

وَلَا شَيْءَ مَعَهُ ○ اَلسَّابِقُ بِكَ فِيْ مَيْدَانِ تَجَلِّيَاتِكَ

اور کوئی دوسری شئے نہیں ، تیری نت نئی تجلیوں کے میدان میں وہ پہلے

الْمُبْدِعَةِ ○ رُوْحُ اَشْبَاحِ الْاَرْوَاحِ الْجَمْعِيَّةِ ○

ہی سے تیرے ہمراہ ہیں ، ساری روحوں کے جسموں کی جان ہیں

مُهَيْمِنُ بَوَاطِنِ كُهُوْفِ الْبُطْنَانَاتِ الذَّاتِيَّةِ ○

ذاتی بطنوں کے غاروں کی گہرائیوں کے نگہبان ہیں

اَلْمُعْجُوْزِ عَنْ مَعْرِفَتِهِ مِنْ حَيْثُ بُطُوْنِهِ

ہر پہلے آنے والا ان کی ذات والا صفات سے متعلق بعد

فِيْ مَعْرِفَتِهِ الْمُتَاَخِّرُ عَنْهُ كُلُّ سَبَّاقٍ اِلٰى

کے عرفان میں ان کے شایان شان عرفان سے عاجز ہے ۔

ذَاتِ مَوْصُوْفِهٖ ○ اَلنَّكِرَةُ الشَّايِعَةُ الْمَعْرِفَةُ

وسیع معرفت کا شائع النکار ہے

اَلْوَاسِعَةُ الَّذِیْ لَا اَیْنَ لِهُوِیَّتِهٖ مَنْظُوْرِهِ الْغَیْبِیِّ

جو ان کے غیبی منظور ہویّت کے لئے کہاں نہیں ہے

○ وَلَا مَکَانَ یَحْوِیْ مُفَاضَتَهُ الْوَهْبِیِّ ○

اور کوئی جگہ نہیں جہاں ان کا خدا داد فیضان حاوی نہ ہو

سَیِّدِنَا مُحَمَّدِنِ الْمُصْطَفٰی ○ اَلْمُجِیْبُ الْمُجْتَبٰی

ہمارے سردار محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) جو چنے ہوئے مجیب اور برگزیدہ ہیں

وَاٰلِهِ الْاَصْفِیَاءِ وَاَصْحَابِهٖ اَهْلُ الْاِتِّبَاعِ

اور آپ کی آل برگزیدہ ہے اور آپ کے اصحاب اتباع اور

وَالْاِقْتِفَاءِ ○ اَللّٰهُمَّ اَمِدَّنَا بِمَدَدِ اَشْرَفِ

پیروی کرنے والے ہیں، اے اللہ تیرے نبیوں میں سب سے زیادہ شریف

اَنْبِیَائِكَ وَاَجَلِّ اَصْفِیَائِكَ وَتَاجِ اَوْلِیَائِكَ

اور تیرے اصفیاء میں سب سے زیادہ بزرگ اور تیرے ولیوں کے تاج

وَسَیِّدِ اَهْلِ وَفَائِكَ الْبَشِیْرِ النَّذِیْرِ السِّرَاجِ

اور تیرے وفا شعاروں کے سردار، بشارت دینے والے، ڈرانے والے، روشن چراغ

الْمُنِیْرِ ○ اَلرَّسُوْلِ الْکَرِیْمِ الرَّؤُفِ الرَّحِیْمِ

کی مدد کے ذریعہ ہماری امداد فرما، جو رسول، کرم والے، مہربان رحم والے ہیں

○ دَعْوَةِ اَبِیْهِ اِبْرَاهِیْمَ وَبُشْرٰی اَخِیْهِ عِیْسٰی

جو آپ کے دادا ابراہیم (علیہ السلام) کی دعا ہیں اور آپ کے بھائی

اَلْمُنَوَّهِ بِذِکْرِهٖ فِیْ تَوْرَاتِ مُوْسٰی الصَّادِقِ الْاَمِیْنِ

عیسیٰ (علیہ السلام) کی بشارت ہیں، موسیٰ (علیہ السلام) کی تورات میں جن کو صادق امین

اَلْحَقِّ الْمُبِیْنِ ○ نَبِیُّ الرَّحْمَةِ ذِی الْعُرْوَةِ الْوُثْقٰی

کے لقب سے حق (تعالیٰ) مبین نے یاد فرمایا، مضبوط گرفت اور عصمت والے

وَالْعِصْمَةِ اِمَامُ الْمُتَّقِیْنَ ○ وَشَفِیْعُ الْمُذْنِبِیْنَ

نبی رحمت ہیں، متقیوں کے امام ہیں، اور گناہگاروں کی شفاعت کرنے والے ہیں

نُوْرُكَ السَّاطِعُ سَیْفُ حُجَّتِكَ اللَّامِعُ الْقَاطِعُ

تیرا جگمگاتا نور ہیں تیری حجت کی چمکتی کاٹنے والی تلوار ہیں

○ صَاحِبِ الشَّفَاعَةِ الْعُظْمٰی ○ وَالْحَوْضِ الْمَوْرُوْدِ

باعظمت شفاعت والے ہیں، اور حوض والے ہیں جہاں سب وارد ہوں گے

○ وَالْوَسِیْلَةِ فِی الْمَحَلِّ الْاَسْمَاءِ وَالْمَقَامِ الْمَحْمُوْدِ ○

اور اسماء کے محل اور مقام محمود میں وسیلہ ہیں، ان انبیاء کے

اَلشَّاهِدُ الشَّهِیْدُ لِلْاَنْبِیَاءِ وَعَلَی الْاُمَمِ الْهَادِیْ

شاہد ہیں جو تیرے بزرگ نور کی بدولت شریف ترین راستہ

بِنُوْرِكَ الْمَجِیْدِ اِلٰی اَشْرَفِ سَبِیْلٍ ○ وَاُمَمٌ

پر گامزن ہدایت یافتہ امتوں پر گواہ ہیں، اور وہ امتیں

مَنِ اسْتَسْقَی الْغَمَامَ بِوَجْهِهٖ فَهَمَعَ ○ وَانْشَقَّ

کہ جن کی بدلیاں آپ کے جلوہ سے فیض یاب ہوں تو برسنے لگیں

لِهَیْبَتِهٖ قَمَرُ السَّمَاءِ ثُمَّ اجْتَمَعَ وَعَادَ نُوْرُ الشَّمْسِ

اور جن کی ہیبت سے آسمان کا چاند ٹکڑے ہوا پھر مل کر یکساں ہو گیا

لِشُرُوْقِهٖ بَعْدَ الْاُفُوْلِ وَرَجَعَ ○ وَانْفَجَرَ

اور آفتاب کی روشنی جن کے انوار کے لئے غروب ہونے کے بعد پلٹ آیا، اور

اَلْمَاءُ النَّمِیْرُ مِنْ بَیْنِ اَصَابِعِهٖ وَنَبَعَ ○ وَسَجَدَ

جن کی انگلیوں سے شفاف پانی کا چشمہ جاری ہوا، اور جن کی

الْبَعِيْرُ لِهَيْبَتِهٖ ○ وَ سَكَنَ بَشِيْرٌ لِرَكْضَتِهٖ

ہیبت کے آگے اونٹ نے سجدہ کیا اور جن کی حرکت سے نبض زمانہ رک جائے

وَحَنَّ الْجِذْعُ حَنِيْنَ الْعِشَارِ لِفُرْقَتِهٖ ○ وَ اَيَّدْتَهٗ

اور جن کے فراق میں درخت کا تنہ (استن حنانہ) قبیلوں کی طرح آہ وزاری کرے

بِرُوْحِ قُدُسِكَ ○ وَ حَقَّقْتَهٗ بِحَقَايِقِ مَعْرِفَتِكَ

اور روح قدس نے جن کی حمایت کی ، اور جن کو تو نے تیری معرفت

